© rasailojaraid.com



## اظہارِ تعزیت

کمالیہ میں ہمارے دیرینہ کرم فرما اور ادارہ نقیب کے مستقل معاون محترم عبدالکریم قمر صاحب یکے بعد دیگرے دو صدمات سے دوچار ہوئے ہیں۔

۹ ذوالحجہ ۱۴۱۳ھ کو ان کی معصوم بیٹی "جویریہ کریم" اڑھائی ماہ کی عمر میں انتقال کر گئی۔ اور اس سے قبل ۳ ذوالحجہ کو ان کی پھوپھی صاحبہ رحلت فرما گئیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون:

مرحومہ سرطان کی مریضہ تھیں۔ وہ احرار کارکنان ماسٹر اللہ بخش صاحب اور احمد یار صاحبان کی بھابی تھیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ حسنات قبول فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین)

اراکین ادارہ دعا گو ہیں اور عبدالکریم قمر صاحب کے غم میں شریک ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مرحومین کی مغفرت کے لئے دعاء کا اہتمام فرمائیں۔

× مجلس احرار اسلام لاہور کے کارکن محترم رانا محمد فاروق کی خالہ محترمہ گزشتہ ماہ کوٹ بھٹہ تحصیل کاموںکی میں انتقال کر گئیں۔

× مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی سیکرٹری کنور عبدالرحیم اور عبدالکریم آزاد کی والدہ ماجدہ ۱۱ جولائی کو رحلت فرما گئیں۔ مرحومہ احرار کارکن ابومعاویہ محمد نعیم احرار اور محمد معاویہ احرار کی دادی تھیں۔

× ماہنامہ الرشید لاہور کے مدیر اور ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم حافظ عبدالرشید ارشد صاحب کے قریبی عزیز حافظ شاہ محمد صاحب گزشتہ ماہ ساہی وال میں رحلت فرما گئے۔ مرحوم عالم باعمل تھے اور جامعہ علوم شرعیہ میں مدرس تھے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ جملہ مرحومین کیلئے مغفرت کی دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انکی مغفرت فرمائے اور خطائیں معاف فرمائے۔ اراکین ادارہ لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ (مدیر)۔

© rasailojaraid.com